26/01/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

يہ آکاش وانی سرينگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبريں سُنئے

يوم جمہوريہ

قوم آج 76 واں يوم جمہوريہ منا رہی ہے ۔ ملک ميں يوم جمہوريہ کی سب سے بڑی تقريب نئی دلی ميں کرتويہ َ پته پر ہوگی جہاں صدر جمہوريہ دروپدی مرمو يوم جمہوريہ منانے ميں قوم کی قيادت کريں گی اور ترنگالہرا کر پريڈ پر سلامی ليں گی ۔ تقريب بهارتی ثقافت اور فوجی طاقت کا ايک منفرد امتزاج ہو گی جس دوران بهارت اپنی ثقافتی گو نا گونيت اور فوجی طاقت کا مظاہره کرے گا ۔

تقريب کا آغاز وزير اعظم نريندر مودی کے جنگی يادگار پر گلہائے عقيدت نذر کرنے سے ہو گا ۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکهنے ولاے ملک بهر کے قريب دس ہزار مہمانوں کو يوم جمہوريہ کی تقريب کا مشاہده کرنے کے لئے خصوصی طور مدعو کيا گيا ہے ۔ انڈونيشيا کے اس سال يوم جمہوريہ کی تقريب پر مہمان خصوصی ہوں گے ۔ Prabavo Subianto صدر

جموں کشمير ميں يوم جمہوريہ کی سب سے بڑی تقريب مولانا آزاد ميموريل اسٹيڈيم جموں ميں ہو گی جہاں پر ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا قومی جهنڈالہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی ليں گے ۔

سرينگر ميں سب سے بڑی تقريب بخشی اسٹيڈيم ميں منعقد ہو گی جس دوران نائب وزير ٰ اعلی سرندر کمار چودهری قومی جهنڈالہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی ليں گے ۔ ضلع صدر مقامات کے ساته ساته مختلف محکمہ جات کے صدر دفاتر پر بهی يوم جمہوريہ کی تقريب منائی جائے گی ۔

پدم ايوارڈ

صدر جمہوريہ دروپدی مرمو نے يوم جمہوريہ کے موقعہ پر ہتهيار ند فوج ، مرکزی نيم فوجی دستوں اور پوليس کے 93 اہلکاروں کےلئے بہادری کے انعامات کو منظوری دی ہے ۔ان ميں گياره انعام بعد از مرگ دئے جائيں گے ۔ بہادری کے اِن انعامات ميں دو کيرتی چکر ، 14 شوريہ چکر ، ايک بارٹُو سينا ميڈل ، 66 سينا ميڈل ، دو نوسينا ميڈل اور آٹه وايو سينا ميڈل شامل ہيں ۔

صدر جمہوريہ نے 139 پدم انعامات کو بهی منظوری د ی ہے ۔ان ميں سات پدم وِ بهوشن

19 ،

پد م بهوشن ، 113 پدم شری ايوارڈ شامل ہيں ۔ پدم ايوارڈ پانے ولاوں ميں 23 خواتين بهی شامل ہيں ۔ 13 افراد کو بعد از مرگ پدم ايوارڈ سے سرفراز کيا گيا ہے ۔ پدم شری ايوارڈ پانے ولاوں ميں جموں کشمير کے ِ للت کمار منگوترا اور فاروق احمد مير بهی شامل ہيں جنہيں بلاترتيب ادب و تعليم اور فن کے شعبوں ميں ان کی گراں قدر خدمات کےلئے يہ انعامات دئے گئے ہيں ۔

دريں اثناءوزير اعظم نريندر مودی نے پدم ايوارڈ حاصل کرنے ولاوں کو مبارک باد پيش کی ہے ۔

صدر جمہوريہ

صدر جمہوريہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ پارليمنٹ ميں پيش کيا گيا “ ون نيشن َ ون اليکشن ” بل گڈ گورننس کے اصول و ضوابط نئے سرے سے متعين کرے گا ۔کل شام يوم جمہوريہ سے قبل قو م سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے گورننس ميں مستقل
کو بهی روکے گا ۔ Paralysis مزاجی کو فروغ ملے گا اور يہ پلايسی

انہوں نے کہا کہ يوم جمہوريہ سبهی شہريوں کے لئے اجتماعی خوشی اور فخر کا معاملہ ہے ۔

۔۔۔۔۔۔۔ ۔

ايل جی خطاب

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے 76 ويں يوم جمہوريہ پر لوگوں کو مبارک باد پيش کی ہے ۔کل شا م جموں کشمير کے عوام کے نام اپنے خطاب ميں ايل جی نے کہا کہ يوم جمہوريہ ہميں ان اقدار کی ياد دہانی کراتا ہے جو ہمارے آئين کے اندر مضمر ہيں ۔ انہوں نے کہا کہ يہ فخر کا دن ہميں جمہوريت ، انصاف ، آزادی ، مساوات اور بهائی چارے کی ياد دہانی کراتا ہے ۔

ليفٹنٹ گورنر نے کہا کہ کثرت ميں وحدت قديم زمانے سے ہی جموں و کشمير کا خاصا رہا ہے ۔

۔۔۔۔۔۔

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل بلو گرين پروجيکٹ رمبير کنال جموں ميں يوم جمہوريہ سے متعلقليزر اينڈ ساونڈ شو ميں شرکت کی ۔ اس کا اہتمام جموں سمارٹ سٹیلميٹيڈ اور جموں ميونسپل کارپوريشن نے باہمی اشتراک سے کيا تها ۔ نمائش کے دوران بهارت کی تاريخ ، تحريک آزادی ميں مجاہدين آزادی کے رول اور قوم کے ترقياتی سفر کی نمائش و عکاسی کی گئی تهی ۔ ليفٹنٹ گورنر نے مختلف محکموں اور سيلف ہيلپ گروپس کی جانب سے قائم کئے گئے جموں کشمير کی ثقافت اور دستکاريوں سے متعلق سٹلاز کا بهی معائينہ کيا ۔

ملاقاتLG

معروف فلم اداکار اور سابق ممبر پار□یمنٹ راج ببر نے کل راج بھون جموں میں□یفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ دونوں نے مختلف معاملات پر خیالات کا تباد□ہ بھی کیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ